**22/06/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***........ ایران نے اپنی ایٹمی تنصیبات پر امریکی فوج کے حملے کی مذمت کر تے ہوئے اسے بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی دیا قرار// امریکی حملے کے بعد عالمی رہنماؤں کا صبر و تحمل برتنے پر زور۔**

***........ ایک تہذیب یافتہ سماج میں تشدد اور دہشت پسندی کی کوئی جگہ نہیں// وزیر داخلہ امت شاہ۔**

***........NIA نے پہلگام حملے میں ملوث دہشت گردوں کو پناہ دینے کی بنا پر2افراد کو کیا گرفتار۔**

**اور**

***........ پچھلی ایک دہائی کے دوران بجلی کے شعبے میں ملک نے شاندار ترقی کی درج۔**

**ایران حملہ**

**ایران نے اپنے ایٹمی ٹھکانوں پر امریکی فوج کے حملے کی سخت مذمت کی ہے اور اسے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ منشور کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ نے اس حملے کو جارحیت کی وحشیانہ حرکت سے تعبیر کیا ہے اور اسکے مضمرات کےلئے امریکہ کو پوری طرح ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔**

**یہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ امریکہ نے ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں پر فضائی حملے کئے ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ان حملوں کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ ان حملوں کا مقصد ایران کی ایٹمی افزودگی کی صلاحیت کو روکنا اور ساتھ ہی دہشت گردی کی پشت پناہی کرنے والے دنیا کے نمبر ایک ملک سے لاحق ایٹمی خطرے کو روکنا تھا۔**

امریکی حملے کے بعد جا ری کئے گئے ایک بیان میں ایران نے امریکہ پر اسرائیل کے ساتھ ساز باز کر کے کام کرنے کا الزام لگایا اور اسرائیل کو نسل کشی کی مرتکب حکومت قرار دیا ۔ ایران کی سرکار نے اقوام متحدہ، اُسکی سلامتی کونسل اور ایٹمی توانائی کی بین الاقوامی ایجنسی پر زور دیا ہے کہ فوری کاروائی عمل میںلائی۔

اُس نے امریکہ کو جواب دہ ٹھہرانے کےلئے اقوام متحدہ کا ہنگامی اجلاس طلب کئے جانے کی بھی اپیل کی ہے۔

IAEA دریں اثناءایٹمی توانائی سے متعلق بین الاقوامی ایجنسی نے ایران میں موجودہ صورتحال IAEAکے تناظر میں کل ایک ہنگامی میٹنگ طلب کی ہے۔ نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ایران میں تین نیوکلیائی ٹھکانوں پر امریکی حملوں کے بعد فی الحال تابکاری کی سطحوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

Masoud Pezeshkian اس بیچ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایران کے صدر کے ساتھ بات کی اور ایران ۔ اسرائیل کے درمیان جا ری لڑائی پر گہری تشویش ظاہر کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ انہوننے ایران کے صدرکے ساتھ موجودہ صورتحال پر تفصیل سے بات کی۔وزیر اعظم نے علاقائی امن و استحکام کی فوری بحالی اور تناؤ کو جلد ختم کرنے پر زور دیا ہے۔

عالمی رہنما

ایران کے نیوکلیائی ٹھکانوں پر امریکی حملوں کے بعد عالمی رہنماؤں نے صبر و تحمل برتنے پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ لڑائی اور تنازعے کو سفارتی طریقوں سے حل کیا جانا چاہئے۔ جن ملکوں نے صبر و تحمل برتنے کی استدعا کی ہے، اُن میںبرطانیہ ،فرانس ، آسٹریلیا، ائر لینڈ، سعودی عرب ،قطر اور عمان شامل ہیں۔

امت شاہ

Red Terrorمرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ایک تہذیب یافتہ معاشرے میں تشدد اور کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوننے کہا کہ حکومت نے نکسل واد کو جڑ سے ختم کرنے کا عزم کیا ہے اور اسے جلد ہی پورا کیا جائے گا۔ وہ آج چھتیس گڑھ کے نوا رائے پور کے بنجاری گاؤں میں نیشنل فارنسک سائنس یونیورسٹی اور سینٹرل فارنسک سائنس لیباٹری کی عمارتوں کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

امت شاہ نے کہا کہ ان نئے اقدامات کا مقصد صرف چھتیس گڑھ میں ہی نہیں بلکہ آنے والے دنوں میں پورے وسطی بھارت میں کرمنل جسٹس سسٹم کو جدید بنانا اور اسکو ایک بنیاد فراہم کرنا ہے۔

**NIA**

**نے حملہ کرنے والے NIA پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے معاملے میں قومی جانچ ایجنسی دہشت گردوں کوپناہ دینے کی بنا پر2 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اسے ایک بڑی پیش رفت مانا جا نے کہا ہے کہ ان 2 افراد نے حملے میں ملوث تین مسلح دہشت گردوں NIAرہا ہے۔ ایک بیان میں کا Batkote کی شناخت کا انکشاف کیا ہے۔ جن 2 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اُن میں سے ایک ہے۔Jothar پہلگام کا بشیر احمد Hill Parkاور دوسراJotharرہنے والا پرویز احمد**

**ایجنسی نے کہا ہے کہ ملزموں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ حملہ آور دہشت گرد تنظیم کے مطابق پرویز اور بشیر نے حملے سے NIAلشکر طیبہ سے وابستہ پاکستانی شہری تھے۔ میں دانستہ طور پر تین مسلح دہشت گردوں کو پناہ دی تھی۔ Hutمیں ایک عارضیHill Parkپہلے گرفتار کئے گئے افراد نے دہشت گردوں کو کھانا، رہنے کی جگہ اور دیگر مدد فراہم کی نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون کے تحت ان 2 افراد کو گرفتار کیا NIAتھی۔ ہے۔**

**فیچرانٹرو**

**ملک میں سیوا، سوشاسن اور غریب کلیان کے اصولوں پر کار بند رہتے ہوئے پچھلی ایک دہائی میں قابل قدر بدلاؤ آیا ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ پچھلے11سال میں کلیدی شعبوں میں مرکزی سرکار کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔ اسی کڑی کے تحت آج ملک کی توانائی میں آئے انقلاب پر توجہ مرکوز رہے گی۔**

**پیش ہے اس سلسلے میں ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ ۔**

**-------**

**جتیندر سنگھ**

**دریں اثناءوزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی زیر قیادت سرکار نے پچھلے 11 سال میں مختلف شعبوں میں شاندار ترقی حاصل کی ہے۔ ایک نجی چینل کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ پچھلی ایک دہائی میں عالمی سطح پر بھارت کا قد اُونچا ہو گیا ہے اور یہ سب کچھ موجودہ سرکار کی کاوشوں کی بدولت ہی ممکن ہوا ہے۔**

**--(Jitender Singh)--**

**بریک**

**یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ستیش شرما

خوراک اور امور نوجوان و کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے ہیرا نگر جموں میں ایک جامع شجر کا ری مہم کا افتتاح کیا، جس کا مقصد ماحولیات کی پائیداری کو فروغ دینا ہے۔ شجر کاری کی اس مہم جو محکمہ جنگلات کے اشتراک سے منعقد کی گئی ، میں سکولی طلباءٔ، نوجوان رضاکاروں، ماہر ماحولیات، سرکاری حکام اور سیول سوسائٹی کے ارکان نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی۔

عابد رشید

صحت و طبی تعلیم محکمے کے انتظامی سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید نے آج پہلگام میں اس سال کی امر نا تھ جی یاترا کے لئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے یاتریوں کو طبی نگہداشت کے حوالے سے پیش آنے والی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کےلئے متحرک رہنے کی محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ چندن واڑی اور پہلگام میں بیس اسپتالوں کو قائم کیا گیا ہے اور ان میں ڈاکٹر اور نیم طبی عملے کو چند دنوں میں تعینات کیا جائے گا۔

---(Abid Rashid)----

کالج داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ انڈ ر پروگرامونکیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔ PG گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

....Prof Aijaz Bashir....

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

..........

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں سماجی کارکن مسعود احمد نازکی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پھر کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی موجودہ سرکار جمونو کشمیر کے لوگوں کو ہر سطح پر راحت رسانی کے ساتھ ساتھ تمام بنیادی و لازمی خدمات بہم رکھنے کے وعدے پر قائم ہے۔ وہ سرینگر میں ایک تقریب پر وہاں موجود معزز شہریوں کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہے تھے۔

ڈاکٹر فاروق نے نشے کی بڑھتی لت پر تشویش کا بھی اظہار کیا اور لوگوں خصوصاً والدین، آئمہ حضرارت اور معزز شہریوں سے اپیل کی کہ وہ قوم کے نوجوانوں کو نشے کی لت سے بچانے کےلئے صف آرا ءہو جائیں کیونکہ یہی نوجوان مستقبل کے معمار اور ملک کی بھاگڈور سنبھالنے والے ہیں۔

## BJP

بی جے پی جمونوکشمیر نے یوٹی بھر میں آج منڈل سطح پر آیوشمان بھارت کارڈ تقسیم کا ری سے متعلق کیمپوں کا انعقاد کیا۔ اسی طرح کا ایک کیمپ جموں ساوتھ کے گڑی گڑھ میں منعقد کیا گیا جہاں اہل مستفیدین میں پر دھان منتری جن آروگیا یوجنا کارڈ تقسیم کئے گئے۔ پروگرام کی نگرانی جمونو کشمیر بی جے پی کے صدر ست شرما کر رہے تھے۔

## کانگریس

جمونو کشمیرپردیش کانگریس کمیٹی نے اکھنور جموں میں آج جئے ہند سبھا اورجئے ہند یاترا کا انعقاد کیا جس کی قیادت پارٹی کے ورکنگ صدر رمن بھلہ نے کی ۔ یہ یاترا آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی طرف سے شروع کی گئی مہم کا ایک حصہ تھی۔ اس موقعے پر اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے رمن بھلہ نے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے میں بلا وجہ تاخیر کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ کانگریس سٹیٹ ہڈ کی بحالی کےلئے جدو جہد کرنے کے اپنے عزم پر قائم ہے۔

## PDP

پی ڈی پی نے آج سینٹرل شالٹینگ سرینگر میں پارٹی کے خواتین کارکنوں کے ایک اجلاس کا انعقاد کیا، جس کی صدارت خواتین وِنگ کی صدر انجم فاضلی نے کی۔ اجلاس میں پارٹی کے

سینئر لیڈر بھی موجود تھے جن میں التجا مفتی، شیخ نور محمد اور عبدالقیوم شامل تھے۔
اجلاس میں فیصلہ سازی کی ہر ایک سطح پر خواتین کی سرگرم شرکت اور شمولیاتی سیاست کے پی ڈی پی کے عزم کااعادہ کیا گیا۔

کر گل

دراس کے تواریخی کرگل وار میموریل میں آج سرحد شوریہ تھان2025 منعقد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے آئے ڈیڑھ ہزار سے زیادہ کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ اس میرا تھان کا انعقاد بھارتی فوج نے پونے کی سرحد فاؤنڈیشن اور کر گل کی مقامی سیول انتظامیہ کے اشتراک سے کیا تھا۔ اس میرا تھان کا آغاز مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے نے پہاڑی ترقیاتی کونسل کر گل کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر آخون اور فوج کی 14ویں کور کے GOC لیفٹنٹ جنرل رتیش بھلہ نے جھنڈی دکھا کر کیا۔

عرس

بلند پایہ ولی کاملین حضرت شاہ محمد اسرار ؒ بغدادی اور حضرت سید سالؒ خان ؒ المعروف خانصاحب کے سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منائے گئے۔ کشتواڑ میں آستان عالیہ شاہ اسرار اور خانصاحب بڈگام میں سید سالؒ خان ؒ کے آستان پر ختمات العظمات، درود و ازکار اور شب بیداری کی مجالس کا اہتمام کیا گیا تھا، جن میں کثیر تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان ولی کاملین کے عرس مبارک پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

احد زرگر

احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کے اہتمام سے آج نرورہ سرینگر میں ایک ادبی محفل منعقد کی گئی جس میں کشمیر کی صوفی روایات اور تصوف کے حوالے سے تبادلہ خیال کی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کی صدارت فاؤنڈیشن کے سرپرست خورشید احمد زرگر نے کی جبکہ اس میں بھوپال، ممبئی، آسام، جھارکھنڈ ، نا گا لینڈ، تلنگانہ، راجستھان اور کیرالا سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 اعشاریہ 4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح 7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................................

...................

.......